Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

25مئی2022کو بانی چیئرمین عمران خان کی قیادت میں آغاز کردہ حقیقی آزادی کے سفر اور ریاستی فسطائیت کے دو سال مکمل

پاکستان تحریک انصاف نے 25مئی2022کو سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دے دیا۔آج سے دو سال قبل بانی چیئرمین عمران خان کی قیادت میں ریاستی فسطائیت کی گہرائیوں کی جانب تحریک انصاف کے حقیقی آزادی کے سفر کا آغاز ہوا،

25مئی2022حالیہ سیاسی تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے،25مئی2022وہ دن ہے جب ریاست پوری وحشت اور آئین و قانون سے مکمل بے نیاز ہو کر پرامن شہریوں اور سیاسی کارکنوں پر ٹوٹ پڑی،

اس روز پورے ملک میں انسانی حقوق کی دھجیاں اڑائی گئیں،چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا،رات گئے گھروں پر دھاوا بولا گیا،خواتین اور بچوں کو ہراساں کیا گیا اور تحریک انصاف کے ذمہ داران اور کارکنان کو اغواء کیا گیا،

عمران خان کی قیادت میں حقیقی آزادی مارچ کے پرامن شرکاء پر گھنٹوں آنسو گیس،ربڑ کی گولیاں اور لاٹھیاں برسائی گئیں، شہریوں کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا،تحریک انصاف کے دو کارکن شہید،درجنوں زخمی کئے گئے اور ریاستی مشینری نے ملک کو خانہ جنگی کیجانب دھکیلنے کی پوری کوشش کی،

یہ بانی چیئرمین عمران خان ہی تھے جنہوں نے بدترین ریاستی مظالم کو برداشت کرتے ہوئے امن کا علم بلند کیا اور ملک کو داخلی انتشار سے بچایا،دو سال قبل شہریوں پر ڈھایا جانے والا ظلم اور جبر اس شرمناک سلسلے کا آغاز ثابت ہوا،

اس دو سال کے عرصے میں پاکستان کی سب سے بڑی اور وفاقی سطح کی واحد سیاسی جماعت کو پوری شدت سے ریاستی جبر کے نشانے پر رکھ لیا گیا،9مئی فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں خواتین سمیت سینئر قائدین اور دس ہزار سے زائد کارکنان زندانوں کی نذر کردیے گئے،ریاست آج بھی ماورائے آئین و قانون جارحیت پر بضد ہے جبکہ عمران خان اور تحریک انصاف مسلسل ظلم و انتقام کا نشانہ ہیں،پاکستان کو استحکام کی ضرورت ہے جس کیلئے قانون کو ہی حکمران بنانا ہوگا، ظلم ترک کرکے عمران خان کو رہا کیا جائے اور ملک و قوم کو مؤثر قیادت فراہم کی جائے قبل اس سے کہ بحران پیچیدہ تر اور معاملات پوائنٹ آف نو ریٹرن تک پہنچیں،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ